صوبہ کردستان کے دہشت گردانہ سانحے پر رہبر معظم انقلاب اسلامی کا تعزیتی پیغام - 24 /Sep/ 2009

رہبر معظم انقلاب اسلامی آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے صوبہ کردستان میں رونماہونے والے دہشت گردانہ سانحے میں خبرگان کونسل میں صوبہ کردستان کےنمائندے "ماموستا" شیخ الاسلام کی شہادت پر تعزیت اور "مبارکباد" پیش کیے
تعزیتی پیغام حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم
وَ مَن قُتِلَ مَظلوماً فَقَد جَعَلنا لِوَلیہ سُلطانا

نتہائی اندوہناک خبر ملی کہ سامراج اور رجعت پسندوں کے جرائم پیشہ مہروں‌نے مجاہد و خدمت گذار عالم دین اور ماہرین کی کونسل کے رکن ماموستا شیخالاسلام کے خون سے اپنے ہاتھ رنگین کئے اور یہ با شرف اور خدمت گذار شخصدسیوں سال حق کے دفاع کے بعد لشکر باطل کے ہاتھوں شہید ہو گیا۔ ان چنددنوں کے اندر کچھ دیگر اہم علما، منجملہ سنندج کے عارضی امام جمعہ اورعدلیہ سے تعلق رکھنے والے صوبے کے دو عہدہ دار بھی اس جلیل القدر شخصیت سےقبل زخمی یا شہید کر دئے گئے۔ رمضان کے مبارک مہینے میں اور ملت فلسطین کیحمایت کے اعلان کے دن کے نزدیک خونخواری و قساوت قلبی کا یہ سلسلہ اس باتکی علامت ہے کہ یہ جرائم پیشہ عناصر دینداری کے دعووں کے باوجود نہ صرف یہکہ "ماہ خدا" کی بے حرمتی کر رہے ہیں بلکہ ان کی یلغار کا رخ در حقیقت وہیچیز ہے جس کی دشمنی پر سامراجی نظام اور علاقے کی بعض روسیاہ حکومتیں‌کمربستہ ہیں۔ اسلامی جمہوری نظام سے قلبی لگاؤ اور اسلامی امنگوں اور قدسشریف کا دفاع ہی جرائم پیشہ مہروں اور ان کے فرعون صفت اور قارون منش آقاؤں کی نظر میں ان شہیدوں اور زخمیوں کا نا قابل معافی جرمہے۔ اس سال کردستان کے عطر آگیں اردیبہشت کے مہینے کے بعد (اس مہینے میں‌انجام پانے والے رہبر معظم انقلاب اسلامی کے صوبہ کردستان کے کامیاب دورے کیجانب اشارہ ہے) جس میں اسلامی اتحاد کی دل نواز آواز اس علاقے میں ہمیشہسے زیادہ گونجی، سامراجی اور استبدادی عناصر اب تک اس صوبے کے مظلوم ونجیب عوام سے انتقام لے رہے ہیں۔ ان سنگدل دشمنوں کے لئے کرد، فارس، شیعہاور سنی میں کوئی فرق نہیں ہے۔ ان کینہ توز عناصر نے ماموستا شیخ الاسلامجیسے مظلوم شہید پر بھی بربریت بھرا حملہ کیا۔ خدا و رسول اور مومنین کیلعنت ہو ان خونخواروں اور ان کی حمایت اور رہنمائی کرنے والے مراکز پرکردستان کے عزیز عوام اپنی بصیرت کے ذریعے اپنے دشمنوں کی شناخت کریں اورصوبے کے سکیورٹی حکام ان حربی قاتلوں کے خلاف سخت اقدام کو اپنے منصوبوں‌میں سر فہرست رکھیں۔

اینجانب صوبہ کردستان کے عوام بالخصوص سوگوار خاندانوں کو تعزیت اورمبارکباد پیش کرتے ہوئے ان عظیم شہیدوں بالخصوص جناب ماموستا شیخ الاسلامشہید کو خراج عقیدت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ میں ان کیمغفرت اور علو درجات کے لئے دعاگو ہوں۔

سيّدعلي خامنه ای
26/شهريور/1388
18 ستمبر 2009